نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار اپنے دستیاب بجٹ کے مطابق متوازن کھادوں کے استعمال کیلئے موبائل ایپ" کھاد حساب" سے راہنمائی حاصل کریں۔ چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان میکن

لاہور 18 جنوری 2023: کھاد حساب موبائل ایپ سے کاشتکار گھر بیٹھے 44 فصلات کے متعلق اپنے دستیاب بجٹ کے مطابق متوازن کھادوں کے استعمال سے متعلق راہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔ یہ موبائل ایپ کاشتکاروں کے لئے ایک گیم چینجر ثابت ہوگی جس سے متوازن کھادوں کے استعمال کو فروغ، زرعی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور پیداواری اہداف کے حصول میں مدد ملے گی ان خیالات کا اظہار چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان میکن نے سیکرٹری زراعت کی ہدایت پر زرعی سائنسدانوں کو موبائل ایپ سے روشناس کرانے کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ زرعی سائنسدان کاشتکاروں میں آگاہی پیدا کریں کہ کسی بھی فصل کے لئے کھادوں کا استعمال زمین کے مٹی و پانی کے تجزیہ کی روشنی میں کریں تا کہ کاشتکاروں کے علم میں ہو کہ زمین میں کون سے عناصر کبیرہ وصغیرہ کی کمی ہے اور پھر اس کمی کو زمینی تجزیہ اور فصل کے مطابق کھادیں ڈال کر پورا کیا جانا چاہیے۔ ہر کھاد ایک خاص کام کرتی ہے۔ **نائٹروجنی کھادیں** (یوریا، امونیم سلفیٹ اور امونیم نائٹریٹ) فصل کے قد میں اضافہ کرتی ہیں۔ **فاسفورسی کھادیں** (ڈی اے پی، ایس ایس پی اور نائٹروفاس) پودوں کی جڑوں کو بڑھاتی اور مضبوط کرتی ہیں جس سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔ **پوٹاش کھادیں** (ایس او پی اور ایم او پی) پودوں کو صحت منداور بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہیں۔کھادوں کے متوازن استعمال سے فصل پانی کی کمی اور کورے کے مضر اثرات سے بھی محفوظ رہتی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ کی ہدایت پر کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے لانچ کردہ اینڈرائیڈ موبائل ایپ" کھاد حساب" سے کاشتکار اپنے دستیاب بجٹ کے مطابق کھادوں کے استعمال سے متعلق راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔اس موبائل ایپ سے کاشتکار پر اعتماد طریقے سے اپنی فصلات کی غذائی ضروریات کو پورا کریں گے جس سے ہماری زرعی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔بعد ازاں چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان میکن نے ادارہ ہذا میں گندم کی نئی اقسام کے ریسرچ ٹرائلز کا معائنہ کیا اور ان ٹرائلز کے نتائج مرتب کرنے کی ہدایت کی

☆☆☆☆